# ساہتیہ اکادمی نے 'ایوارڈ برائے اطفال ادب و نوجوان قلم کار ۲۰۲۲ء' کا اعلان کیا

## اردو میں ظفر کمالی اور مقصود آفاق کا انتخاب، دونوں شخصیات کو بطور انعام ۵۰؍ہزار روپے، تمغہ اور توصیفی سند سے نوازا جائے گا

نئی دہلی (فضیل احمد) ساہتیہ اکادمی نے ایوارڈ برائے اطفال ادب اور ایوارڈ برائے نوجوان قلم کار ۲۰۲۲ء کا اعلان کر دیا ہے جس کے تحت زبان اردو میں ایوارڈ برائے اطفال ادب کے لیے ظفر کمالی اور ایوارڈ برائے نوجوان قلم کار کے لیے مقصود آفاق کا انتخاب کیا گیا ہے۔

قابل ذکر ہے کہ ساہتیہ اکادمی کے صدر ڈاکٹر چندر شیکھر کمبار کی صدارت میں آج اکادمی کے ایگزیکٹو بورڈ کی میٹنگ میں اکادمی کے ذریعہ منظور شدہ ۲۴؍زبانوں میں ایوارڈ برائے اطفال ادب اور ایوارڈ برائے نوجوان قلم کار ۲۰۲۲ء کی منظوری دی گئی۔ ایوارڈ برائے اطفال ادب بچوں کے ادب کی بہترین کاوش کے لیے دیا جاتا ہے جبکہ ایوارڈ برائے نوجوان قلم کار ۳۵؍سال سے کم عمر کے نوجوان ادباء کو دیا جاتا ہے۔ دونوں ایوارڈ میں بطور انعام ۵۰؍ہزار روپے، تمغہ اور توصیفی سند دی جاتی ہے۔ سال ۲۰۲۲ء کے ایوارڈ برائے اطفال ادب اردو کے مشہور و معروف شاعر و ادیب ظفر کمالی کو ان کے شعری مجموعہ 'حوصلوں کی اڑان' کے لیے دینے کا اعلان کیا گیا۔ دیگر انعام یافتگان میں دگنت اوجا (آسامی)، جے مترا (بنگالی)، دیو بار رام سیارے (بوڈو)، راجیشور سنگھ راجو (ڈوگری)، عرشیہ ستار (انگریزی)، کیرتی گوسوامی (گجراتی)، کچھا شرما (ہندی)، تمنا بیگارا (کنڑ)، قمر حمید اللہ (کشمیری)، جیوتی کنکلکر (کونکنی)، ویریندر جھا (میتھلی)، سیجو (ایم سیجو مادھون) (ملیالم)، ناوریم او کیشورے سنگھ (منی پوری)، سنگیتا بروے (مراٹھی)، مینا سبا (نیپالی)، نریندر پرساد داس (اڑیہ)، وشومتر دادیچ (راجستھانی)، کلدیپ شرما (سنسکرت)، منوہر نہلانی (سندھی)، جی میناکشی (تمل)، پٹی پاکا موہن (تیلگو) شامل ہیں۔



ظفر کمالی



مقصود آفاق

اس سال پنجابی زبان میں کسی کو بھی انعام نہیں دیا جائے گا جبکہ سنتالی ایوارڈ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا، وہیں اردو میں ایوارڈ برائے نوجوان قلم کار کے لیے مقصود آفاق کو ان کے شعری مجموعہ 'گریہ' کا انتخاب کیا گیا جبکہ پردومن کمار گوگوئی (آسامی)، سمن پتاری (بنگالی)، السبار موساہاری (بوڈو)، آشو شرما (ڈوگری)، مہر وتس (انگریزی)، بھرت کھینی (گجراتی)، بھگونت انمول (ہندی)، دادی پیر جیسن (کنڑ)، شائستہ خان (کشمیری)، مائرن جیسن بارینٹو (کونکنی)، نوکرشن ایبک (میتھلی)، انگھا جے. کولاتھ (ملیالم)، سونیا کھندر کپم (منی پوری)، روشن رائے 'چوٹ' (نیپالی)، دلیپ بیہرا (اڑیہ)، سندھو گنن (پنجابی)، آشیش پروہت (راجستھانی)، شروتی کنکر (سنسکرت)، سالگے ہانسدا (سنتالی)، حنا آسوانی (سندھی)، پی کالیموتھو (تمل)، پلی پٹو ناگ راجو (تیلگو) کے نام دیگر انعام یافتگان میں شامل ہیں۔ مراٹھی زبان میں ایوارڈ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔